03-06-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ میں دو قومی شاہراہوں کو 4 لائن میں توسیع دینے کیلئے مرکزی کابینہ نے منظوری دے دی۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں جنوبی افریقہ کے نائب صدر پال ماشاٹیلے کے ساتھ ایک اہم ملاقات کی۔تلنگانہ اور جنوبی افریقہ نے تعلیم، ہنرمندی کی ترقی،طبی سیاحت، صنعت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔

۳۔ برسرخدمت اساتذہ کیلئے خصوصی طور پر دوزائد ٹیٹ امتحان کے انعقاد کیلئے تلنگانہ حکومت نے منظوری دے دی ہے۔

۴۔محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ ریاست کے کئی اضلاع میں آج اور کل درمیانی سے شدید بارشوں کا امکان ہے۔محکمہ نے گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی بھی وارننگ جاری کی ہے۔

Weather

محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی کہ ریاست کے کئی اضلاع میں آج اور کل درمیانی سے شدید بارشوں کا امکان ہے۔محکمہ نے گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش کی بھی وارننگ جاری کی ہے۔متحدہ اضلاع عادل آباد، نظام آباد، کریم نگر، ورنگل، نلگنڈہ اور کھمم کے لئے آرینج الرٹ جبکہ دیگر اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق کل تک جنوب مغربی مانسون کے کیرالہ اور تاملناڈو تک پہنچنے کے امکانات بھی ہیں۔گزشتہ روز ضلع کھمم کے اینکور منڈل میں 7.9 سنٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ ضلع سوریا پیٹ کے گریڈی پلی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44.8 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

Desk

World Bicycle Day

آج دنیا بھر میں عالمی یومِ سائیکل منایا جا رہا ہے۔ ماحولیات کے تحفظ، عوامی صحت کے فروغ اور پائیدار نقل وحمل کے ذریعہ کے طور پر سائیکل کے استعمال کی حوصلہ افزائی کے لئے اقوام متحدہ نے 2018 میں اس دن کو باضابطہ طور پر تسلیم کیا تھا۔ اقوامِ متحدہ کے مطابق سائیکل ایک سادہ، کم خرچ، قابلِ اعتماد اور ماحول دوست سواری ہے۔ روزانہ سائیکل چلانے سے دل کی صحت بہتر ہوتی ہے، بلڈ پریشر قابو میں رہتا ہے اور وزن کم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ ذہنی دباؤ کو کم کر کے جسمانی فٹنس میں اضافہ کرتی ہے۔ سائیکلنگ فضائی آلودگی اور عالمی حدت میں کمی کے ساتھ ساتھ سڑکوں پر ٹریفک کے مسائل کو کم کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔

Desk

KTR

بی آر ایس کے ورکنگ صدر کے ٹی آر نے کہا ہے کہ ریاست تلنگانہ کے قیام کے بعد سرمایہ کاری کے حصول کے معاملہ میں حیدرآباد نے بنگلورو کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ انہوں نے آج حیدرآباد پریس کلب میں منعقدہ 'میٹ دی پریس' پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کا قیام کے چندر شیکھر راؤ کی جدوجہد کا نتیجہ ہے اور یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کانگریس کی حکومت نے تلنگانہ تشکیل دیا، لیکن ایسی صورتحال پیدا کرنے کا سہرا کے سی آر کے سر جاتا ہے۔ کے ٹی آر نے کہا کہ ان کی حکومت نے چار کروڑ عوام کو اپنے خاندان کا حصہ سمجھ کر حکمرانی کی۔ انہوں نے موجودہ کانگریس حکومت کو تمام شعبوں میں ناکام قرار دیتے ہوئے اس پر تنقید بھی کی۔

Desk

CM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی 4 اور 5 جون کو متحدہ ضلع محبوب نگر کا دورہ کریں گے۔اس دورہ کے دوران وہ پالاموروـرنگا ریڈی، کلواکرتی، کوئل ساگر، بھیما، نیٹم پاڈو اور دیگر آبپاشی منصوبوں کی موجودہ صورتحال اور پیش رفت پر پاور پوائنٹ پریزنٹیشن میں شرکت کریں گے۔ ریاستی وزیراتم کمارریڈی نے بتایا کہ اس موقع پر نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ سمیت کئی وزراء بھی موجود ہوں گے۔وزیر نے گزشتہ روز حیدرآباد میں متعلقہ عہدیداروں کے ساتھ آبپاشی منصوبوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ حکومت منصوبوں کو جلدازجلد مکمل کر کے کسانوں کو آبپاشی کا پانی فراہم کرنے کے اقدامات کررہی ہے۔

Desk

Thummala

ریاستی وزیر تو ملا ناگیشور راؤ نے مرکزی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ دھان کی طرح مکئی کی بھی مرکزی حکومت خریداری کرے۔ انہوں نے کہا کہ مکئی کی خریداری کے معاملہ میں مرکزی حکومت کی غیر سنجیدہ پالیسی کے باعث ریاست پر بھاری مالی بوجھ پڑ رہا ہے۔ وزیر کے مطابق مکئی کی خریداری، نقل وحمل، ذخیرہ اور انتظامی اخراجات ملا کر حکومت نے فی ٹن 29,272 روپے خرچ کئے لیکن فروخت کے وقت مناسب قیمت نہ ملنے کے وجہ سے صرف ایک خریف سیزن میں ہی ریاستی حکومت کو تقریباً 400 کروڑ روپے کا نقصان اٹھانا پڑا۔ انہوں نے یہ بات گزشتہ روز حیدرآباد میں کہی۔ ریاستی حکومت نے ریاست کی سب سے بڑی ورنگل اینو مامولہ مارکٹ یارڈ کے لئے 16 رکنی انتظامی کمیٹی کے تقرر کے احکامات جاری کئے ہیں۔

Desk

Grain Procurement

ریاستی محکمہ سیول سپلائز نے بتایا ہے کہ یکم جون تک ربیع سیزن میں 66 لاکھ ٹن دھان خریدا جاچکا ہے۔ ایک بیان کے مطابق روزانہ اوسطاً 1.8 لاکھ ٹن دھان کی خریداری کی جا رہی ہے۔ محکمہ نے کہا کہ نارائن پیٹ، بھدرادری کوتہ گوڑم، نظام آباد، جوگولامبا گدوال اور نلگنڈہ اضلاع دھان کی خریداری میں سرفہرست پانچ اضلاع ہیں۔ ریاست میں قائم 8,575 خریداری مراکز میں سے 2,870 مراکز کو بند کردیا گیا ہے۔

Desk

SIR EC

مرکزی الیکشن کمیشن کے چیف سکریٹری اویناش کمار نے کہا ہے کہ ریاست میں ووٹروں کی خصوصی جامع نظرِ ثانی کا عمل پانچ مراحل میں مکمل کیا جانا ہے۔ انھوں نے کل حیدرآباد میں تیسرے مرحلہ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انھوں نے ہدایت دی کہ مردم شماری اور متعلقہ معلومات براہِ راست اور آن لائن دونوں طریقوں سے جمع کی جائیں جبکہ اعتراضات اور شکایات وصول کرکے ان کا بروقت ازالہ کیا جائے۔ انھوں نے ووٹروں کیلئے متعارف کرائی گئی 'بک اے کال' سہولت کے بارے میں وسیع پیمانے پر آگاہی مہم چلانے کی بھی ہدایت دی۔ ریاستی چیف الیکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے بتایا کہ ریاست میں اب تک 68.30 فیصد میپنگ مکمل ہوچکی ہے۔ اجلاس میں الیکشن کمیشن کے ڈپٹی سکریٹری سنجے کمار سمیت دیگر حکام نے شرکت کی۔ بعدازاں ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راو نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی ہے کہ ووٹر فہرست نظرِ ثانی کے عمل کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جائے۔ اس سلسلہ میں 5، 6، 9 اور 10 جون کو دیہی اور وارڈ سطح پر اجلاس منعقد کرنے کی ہدایت۔

Desk

Prisoner Releases

ریاست کی مختلف جیلوں میں قید 91 قیدیوں کو بہتر حسنِ سلوک کی بنیاد پر معافی دے کر گزشتہ روز رہا کر دیا گیا۔ رہا ہونے والوں میں 85 مرد اور 6 خواتین شامل ہیں۔ ان کی بحالی اور روزگار کی فراہمی کے لئے 38 افراد کو محکمہ جیل کے زیرِ انتظام پٹرول پمپس پر ملازمت دی گئی اور تقرری نامہ حوالے کئے گئے۔ اس سے قبل انہیں چرلاپلی مرکزی جیل میں کونسلنگ فراہم کی گئی۔ محکمہ جیل کی ڈائرکٹر جنرل سومیا مشرا نے بتایا کہ سپریم کورٹ آف انڈیا کی ہدایات کے مطابق ہر چار ماہ بعد قیدیوں کو معافی دینے سے متعلق تجاویز حکومت کو پیش کی جائیں گی۔

Desk

Meeting

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج حیدرآباد میں جنوبی افریقہ کے نائب صدر پال ماشاٹیلے کے ساتھ ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں تلنگانہ اور جنوبی افریقہ کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقوں نے تعلیم، ہنرمندی کی ترقی، طبی سیاحت، صنعت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد انفارمیشن ٹیکنالوجی، دواسازی اور دفاعی صنعتوں میں عالمی سطح کے مہارتی مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے جبکہ کم لاگت میں معیاری طبی سہولیات کی وجہ سے طبی سیاحت میں بھی نمایاں مقام رکھتا ہے۔ انہوں نے دسمبر میں منعقد ہونے والے تلنگانہ رائزنگ گلوبل سمٹ 2026 میں شرکت کے لئے جنوبی آفریقی وفد کو دعوت دی جسے پال ماشاٹیلے نے قبول کرلیا۔ پال ماشاٹیلے نے کہا کہ بھارت اور جنوبی آفریقہ کے درمیان تاریخی تعلقات ہیں اور دواسازی وصحت کے شعبوں میں ہندوستانی کمپنیوں کے لئے افریقی منڈی میں وسیع مواقع دستیاب ہیں۔

Desk

Cabinet

کابینہ نے ریاست کی دوقومی شاہراہوں کو چار لائن سڑکوں میں توسیع دینے کی منظوری دے دی ہے۔ یہ منصوبہ 190.76 کلومیٹر طویل ہوگا اور اس پر 7,597 کروڑ روپے سے زائد لاگت آئے گی۔ اس منصوبہ کے تحت قومی شاہراہ نمبر 63 پر آرمور سے جگتیال ہوتے ہوئے منچریال تک سڑک کو ہائبرڈ یونٹی ماڈل کے تحت ترقی دی جائے گی۔ اسی طرح قومی شاہراہ نمبر 563 پر جگتیال سے کریم نگر تک بلڈ، آپریٹ، ٹرانسفر ماڈل کے تحت تعمیر کی جائے گی۔ منصوبہ کی تکمیل سے شمالی تلنگانہ کے اہم شہروں کے درمیان آمدورفت میں بہتری آئے گی اور علاقائی ترقی کو فروغ ملے گا۔

Desk

Shiva Sena Reddy

تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے چیرمین شیوا سینا ریڈی نے بتایا کہ صحت مند طرزِ زندگی، فٹنس کے بارے میں شعور بیدار کرنے اور کھیلوں میں عوامی شرکت بڑھانے کے مقصد سے 7 جون کو گچی باؤلی اسٹیڈیم میں 'فٹ انڈیا سنڈیز آن سائیکل' پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ اس پروگرام کا ایک پوسٹر آج جاری کیا گیا۔ اس موقع پر شیوسینا ریڈی نے کہا کہ ہر شخص کو ہفتہ میں کم از کم ایک دن سائیکل استعمال کرنے کی عادت اپنانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ سائیکلنگ نہ صرف صحت کے لئے مفید ہے بلکہ ماحول دوست سفری ذریعہ بھی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس تقریب میں گورنر شیو پرتاپ شکلا بطور مہمانِ خصوصی شرکت کریں گے۔

Desk

Thuringia

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سے آج جرمنی کی ریاست Thuringia کے وزیراعلیٰ ماریئو وائٹ اوران کے وفد نے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران ٹکنالوجی، سرمایہ کاری، ہنرمندی کی ترقی، دواسازی اور دیگر شعبوں میں باہمی تعاون کے لئے تلنگانہ اورتورنگیا کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے گئے۔اجلاس میں وزراء سریدھر بابو، ویویک وینکٹ سوامی، چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ اور دیگراعلیٰ حکام بھی شریک تھے۔

Desk

Minister Vakiti Srihari

ریاستی وزیرواکٹی سری ہری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کا کل مکتھل دورہ متحدہ پالاموروضلع کی ترقی کے لئے ایک سنگِ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے بتایا کہ تلنگانہ اورکرناٹک کی سرحد پر دریائے کرشنا اور دریائے بھیما پر مجوزہ برج کم بیراجوں کی تعمیر کے سلسلہ میں کرناٹک کے وزیرآبپاشی بوسا راج سے متعدد بار بات چیت ہوچکی ہے۔وزیر نے یہ بات صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہی۔

Byte : Vakiti Srihari

PTC, Mahabubnagar

Tummala Nageswara Rao

ریاستی وزیرتوملا ناگیشور راؤ نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں اورایل نینو کے اثرات کے باعث اس سال معمول سے کم بارش ہونے کا امکان ہے، اس لئے کسانوں کو متبادل فصلوں کی کاشت پر توجہ دینی چاہیئے۔انہوں نے آج کھمم میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسان بدلتے موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے فصلوں کی منصوبہ بندی کریں تاکہ ممکنہ نقصانات سے بچا جاسکے۔

Soun Byte: Thummala Nageswara Rao

PTC, Khammam

Chek

این پی ڈی سی ایل میں لائن مین کی حیثیت سے خدمات انجام دیتے ہوئے حادثاتی طور پر فوت ہونے والے پرمود کمار کی اہلیہ سواپنا کو ایک کروڑ روپے مالیت کے حادثاتی بیمہ کا چیک آج نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے پرجا بھون میں پیش کیا۔ این پی ڈی سی ایل اور یونین بینک آف انڈیا کے درمیان طئے شدہ معاہدہ کے تحت تنخواہ کے کھاتے رکھنے والے ملازمین کو ایک کروڑ روپے تک کا ذاتی حادثاتی بیمہ فراہم کیا جاتا ہے۔ پرمود کمار گزشتہ سال ستمبر میں اس اسکیم میں شامل ہوئے تھے، تاہم رواں سال مارچ میں فرائض کی انجام دہی کے دوران ان کا انتقال ہو گیا تھا۔

Desk

Tet

برسرخدمت اساتذہ کیلئے خصوصی طور پر دو ایڈیشنل ٹیٹ امتحان کے انعقاد کیلئے تلنگانہ حکومت نے منظوری دے دی ہے۔ محکمہ اسکولی تعلیم کے سکریٹری ڈاکٹر یوگیتا رانا نے اِس ضمن میں احکامات بھی جاری کئے۔ اب تک سال میں عام طور پر دو ٹیٹ امتحانات منعقد ہوا کرتے تھے اب ایڈیشنل طور پر مزید دو خصوصی امتحانات منعقد کرنے کیلئے منظوری ملی ہے۔ اساتذہ تنظیموں کی اپیل اور قانون ساز کونسل کے ارکان کی سفارش پر یہ فیصلہ لیا گیا۔

Desk